محکمہ جیل خانہ جات پنجاب اور سکول آف لا، LUMS کے مابین پنجاب کی جیلوں میں مقید اسیر ان کو پیر الیگل ایڈ اور فری لیگل ایڈ کی فراہمی کے لئے معاہدے پر دستخط کیے گئے۔

محکمہ جیل خانہ جات پنجاب کی جانب سے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب میاں فاروق نذیر اور LUMS کی جانب سے وائس چانسلر ڈاکٹر طارق ایم جدون نے معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔

اس موقع پر جسٹس لاہور ہائی کورٹ عابد عزیز شیخ، اے آئی جی جوڈیشل ڈاکٹر قدیر عالم، سرپرست شیخ احمد حسن سکول آف لا، ڈاکٹر حسن اور ڈین سکول آف لا، ڈاکٹر صدف عزیز بھی موجود تھیں۔

پیر الیگل ایڈ کے تحت شیخ احمد حسن سکول آف لا کے سٹوڈنٹس کی جانب سے پڑھے لکھے اسیر ان کو ٹریننگ دی جائے گی، جو کہ باقی اسیر ان کو انکے کیسز کے مختلف مراحل میں راہنمائی فراہم کریں گے۔

پیر الیگل ایڈ کیلئے نصاب محکمہ جیل خانہ جات پنجاب اور LUMS کے مابین مشاورت سے ترتیب دیا جائے گا۔

فری لیگل ایڈ کے تحت شیخ احمد حسن سکول آف لا سے فارغ التحصیل وکلاء اور مخیر حضرات کے ذریعے ایسے اسیر ان کو مفت قانونی امداد فراہم کی جائے گی جو کہ وکلاء کی فیس ادا نہ کرسکتے ہیں۔

آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں فاروق نذیر کا کہنا ہے کہ موجودہ صورتحال میں پنجاب کی جیلوں میں حوالاتیوں کی تعداد ستر فیصد سے زائد ہے۔ ان حالات میں پیر الیگل ایڈ اور فری لیگل ایڈ پنجاب کی جیلوں میں مقید اسیر ان کے رش کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ معاشرے کے کمزور طبقے کو انصاف کی فراہمی میں بھی مددگار ثابت ہوگی۔


PUNJAB PRISONS
LUMS
Memorandum of Understanding
between
Punjab Prisons
and
Lahore University of Management Sciences
at


SHAIKH AHMAD HASSAN SCHOOL OF LAW
LUMS


LUMS
PUNJAB PRISONS
LUMS
LUMS
Memorandum of Understanding
between
Punjab Prisons
and
Lahore University of Management Sciences
at
Shaikh Ahmad Hassan School of Law
05th October 2023




SHAIKH AHMAD HASSAN SCHOOL OF LAW
LUMS


between
Punjab Prisons
and
at
05th October 2023


between
Punjab Prisons
and
at
05th October 2023






05th October 2023